THE BANK OF PUNJAB

دی بینک آف پنجاب رکھے
HarFardKaKhayal

# ڈیپازٹ اکاؤنٹوں کی اہم خصوصیات

| | | |
|---|---|---|
| دی بینک آف پنجاب<br>---------برانچ، شہر | تاریخ | DDMMYYYY |

اہم: اگر آپ نیا اکاؤنٹ کھولنا چاہ رہے ہیں تو اس دستاویز کو غور سے پڑھیں، یہ اردو اور انگریزی زبان میں دستیاب ہے۔ آپ اس دستاویز کو بینک کی جانب سے پیش کیے جانے والے دیگر اکاؤنٹس سے موازنہ کیلئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو دیگر بینکوں/ اکاؤنٹوں کی اہم خصوصیات حاصل کر کے موازنہ کا حق حاصل ہے۔

**اکاؤنٹ کی اقسام اور اہم خصوصیات**

بی او پی @ ورک کرنٹ اکاؤنٹ ایک غیر منافع بخش اکاؤنٹ ہے جو ملازمت پیشہ صارفین کیلئے تیار کیا گیا ہے، جس میں کئی مفت سروسز اور قرض حاصل کرنے والے صارفین کیلئے رعایتیں دستیاب ہیں۔

بی او پی @ ورک ایک کمپنی اکاؤنٹ سے منسلک ہوتا ہے اور اُس سے منسلک ملازمین کے اکاؤنٹ ملازمت کی بنیاد پر فیس سے مثتثنا ہوتے ہیں۔

یہ معلومات درج بالا تاریخ کے مطابق درست ہیں۔ سروسز فیس اور مارک اپ کی شرح ششماہی بنیاد پر تبدیل ہو سکتے ہیں۔ تازہ ترین فیسوں/ چارجز کی معلومات کیلئے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں یا کسی بھی قریبی برانچ تشریف لائیں۔

| تفصیلات | | روایتی<br>بی او پی @ ورک کرنٹ اکاؤنٹ |
|---|---|---|
| کرنسی (پاکستانی روپیہ، امریکی ڈالر، یورو) وغیرہ | | پاکستانی روپیہ |
| اکاؤنٹ کیلئے کم از کم بیلنس (رقم لکھیں اگر کوئی موجود ہے) | کھولنے کیلئے | صفر |
| | جاری رکھنے کیلئے | اکاؤنٹ برقرار رکھنے کے کوئی چارجز نہیں |
| اکاؤنٹ برقرار رکھنے کی فیس (رقم لکھیں اگر کوئی موجود ہے) | | صفر |
| کیا اکاؤنٹ پر منافع ادا کیا جاتا ہے؟ (ہاں/نہیں) (لاگو ٹیکس ریٹ سے مشروط) | | غیر متعلقہ |
| منافع کی شرح کی نشاندہی (%) | | غیر متعلقہ |
| مدت ادائیگی منافع (روزانہ، ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی، سالانہ) | | غیر متعلقہ |
| مثال فراہم کریں | | غیر متعلقہ |
| ناپختہ / قبل از وقت وصولی/ نکلوانے کی فیس (رقم لکھیں اگر کوئی موجود ہے) | | غیر متعلقہ |
| انشورنس تجویز | | • کم از کم -/50,000 ماہانہ یا اس سے زیادہ کا بیلنس برقرار رکھنے پر، بینک آپ کو بیمہ کمپنی کے ذریعے قدرتی موت اور مستقل مکمل معذوری کی صورت میں -/500,000 روپے کا لائف انشورنس کور مفت فراہم کرے گا۔<br>• حادثاتی موت کی صورت میں، انشورنس کور کو دوگنا کر کے -/1,000,000 روپے کر دیا جائے گا۔<br>• دعویٰ بیمہ شدہ واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کے 90 دنوں کے اندر کیا جانا چاہیے۔<br>• انشورنس نیشنل انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے اور یہ کمپنی کی شرائط، ضوابط اور اخراج کیساتھ مشروط ہے۔ تفصیلات/ اکثر پوچھے گئے سوالات BOP ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ |

**سروس چارجز**

اہم: یہ اس اکاؤنٹ کے اہم سروس چارجز کی فہرست ہے، اس میں تمام چارجز شامل نہیں۔ مکمل فہرست آپ ہماری برانچوں اور ویب سائٹ www.bop.com.pk سے حاصل کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ تمام بینک چارجز لاگو ٹیکس کے علاوہ ہیں ماسوائے جہاں خاص طور پر ٹیکس کی شمولیت کا ذکر کیا گیا ہے

| خدمات | طریقہ کار | روایتی<br>بی او پی @ ورک کرنٹ اکاؤنٹ |
|---|---|---|
| کیش لین/ دین | شہر کے اندر | صفر |
| | دیگر شہروں سے | صفر |
| | اپنے اے ٹی ایم سے | صفر |
| | دیگر بینکوں کے اے ٹی ایم سے | صفر |
| ایس ایم ایس الرٹ | اے ڈی سی/ ڈیجیٹل | صفر |
| | کلیئرنگ | صفر |
| | دیگر ٹرانزیکشنز کیلئے | صفر |
| ڈیبٹ کارڈ | کلاسک | صفر |
| | گولڈ | صفر |
| | خاص پلاٹینم | صفر |
| | پے پاک | صفر |
| | دیگر | مروجہ SOBC کے مطابق |
| چیک بک | اجرا | صفر |
| | ادائیگی روکنا | 5 چیکوں تک -/600 روپے اور 5 سے زائد چیکوں پر -/1150 روپے |
| | علیحدہ چیک | غیر متعلقہ |

| خدمات | طریقہ کار | روایتی |
|---|---|---|
| | | بی او پی@ورک کرنٹ اکاؤنٹ |
| ریمیٹنس (مقامی) | بینکر چیک / پے آڈر | -/450 فی انسٹرومنٹ |
| ریمیٹنس (بیرونی) | فارن ڈیمانڈ ڈرافٹ | -/1,160 روپے یا 0.29% ٹی اماؤنٹ (بشمول ایف ای ڈی/ پی ایس ٹی) پر جو بھی زیادہ ہو۔ سوئفٹ چارجز -/1000 روپے |
| | وائر ٹرانسفر | **تعلیم/صحت کے لئے:**<br>-/350 روپے (بشمول ایف ای ڈی/ پی ایس ٹی) پلس آؤٹ پاکٹ چارجز (کم سے کم 10 ڈالر) |
| اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹ | سالانہ | صفر |
| | ششماہی | صفر |
| | نقل | -/30.17 روپے فی سٹیٹمنٹ + صوبہ وار ایف ای ڈی/ پی ایس ٹی |
| فنڈ ٹرانسفر | اے ڈی سی/ ڈیجیٹل چینل | صفر۔ اے ٹی ایم اور موبائل بینکنگ ایپ کے ذریعے -/500,000 روپے تک اسکے علاوہ ٹرانزیکشن کا 0.1% یا 200 روپے جو بھی کم ہو |
| | دیگر | مفت آن لائن فنڈ ٹرانسفر |
| ڈیجیٹل بینکنگ | انٹرنیٹ بینکنگ کا حصول (ایک مرتبہ اور سالانہ) | صفر |
| | موبائل بینکنگ کا حصول (ایک مرتبہ اور سالانہ) | صفر |
| کلیئرنگ | نارمل | صفر |
| | دیگر شہروں سے | -/325 روپے |
| | اسی دن | -/525 روپے فی وصولی بذریعہ این آئی ایف ٹی |
| اکاؤنٹ کی بندش | صارف کی درخواست پر | صفر |

## آپ کو معلوم ہونا چاہیے

مطلوبات: اکاؤنٹ کھولنے کیلئے آپ کو ضرورت ہوگی کہ آپ ریگولیٹری ہدایات اور بینک کی داخلی پالیسیوں کے مطابق کچھ شناختی ضروریات پوری کریں۔ اس میں دستاویزات کی فراہمی اور آپکی شناخت کی تصدیق کیلئے معلومات شامل ہوسکتی ہیں یہ معلومات وقتاً فوقتاً مطلوب ہوسکتی ہیں۔ برائے مہربانی مزید معلومات کیلئے ہم سے رابطہ کریں۔

چیک باؤنس: بغیر رقم کے چیک جاری کرنا تعزیرات پاکستان (پی پی سی) 489-ایف کے تحت قابل مواخذہ جرم ہے۔ لہذا چیک لکھتے ہوئے انتہائی سمجھداری مظاہرہ کیجیے۔

حفاظت ذمہ داری: اپنے اکاؤنٹ تک رسائی فراہم کرنے والی اشیاء مثلاً اے ٹی ایم کارڈ، پن، چیک بک۔ ای بینکنگ صارف کا نام، پاسورڈ یا دیگر ذاتی معلومات کی حفاظت آپ کی ذمہ داری ہے۔ صارف کی جانب سے ہونے والی حفاظتی کوتاہی پر بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔ اپنا اے ٹی ایم/ڈیبٹ کارڈ نمبر، پن، او ٹی پی یا اکاؤنٹ سے متعلق دیگر حساس معلومات کسی کو فراہم نہ کریں۔ بی او پی سٹاف آپ سے اس قسم کی معلومات حاصل کرنے کیلئے اپنی ہیلپ لائن یا کال سینٹر سے رابطہ نہیں کرے گا۔

ریکارڈ کی تازہ کاری: ہمیشہ اپنی پروفائل / ریکارڈ بروقت تازہ کریں تا کہ کسی اہم نوعیت کی پیغام رسانی سے محروم نہ رہیں۔ اپنی تازہ معلومات فراہم کرنے کیلئے بی او پی کال سینٹر 200-267-111 پر رابطہ کریں یا اپنی برانچ تشریف لائیں

اگر آپ لمبے عرصہ تک اکاؤنٹ استعمال نہیں کرتے تو کیا ہوگا؟ اگر آپ کے اکاؤنٹ میں 12 ماہ تک کوئی سرگرمی نہ ہوئی تو اسے غیر فعال تصور کیا جائے گا۔ اگر اکاؤنٹ غیر فعال درجہ میں چلا گیا تو کچھ پابندیاں عائد ہو جائیں گی جیسا کہ ڈیبٹ ٹرانزیکشن اور رقم نکلوانا تاوقتکہ صارف کی درخواست پر اکاؤنٹ دوبارہ فعال کیا جائے۔ صفر بیلنس کے ساتھ ایک سال تک غیر فعال رہنے والا اکاؤنٹ بند کر دیا جائے گا۔ اپنے اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال بنانے کیلئے آپ کو بذات خود اپنی برانچ میں جا کر بائیومیٹرک تصدیق کروانا اور سی این آئی سی/ ایس این آئی سی کی کاپی جمع کروانا ہوگی۔ بیرون ملک مقیم صارفین پاکستانی سفارت خانہ / ہائی کمشن کی جانب سے تصدیق شدہ درخواست بذریعہ رجسٹرڈ ای میل سی این آئی سی / ایس این آئی سی / پی او سی / این آئی سی او پی، فعال پاسپورٹ اور ویزا، مہر خروج، رہائشی حیثیت کے ثبوت، بائیومیٹرک تصدیق سے استثناء کے بیان حلفی کے ساتھ بھیج سکتے ہیں

غیر دعویٰ شدہ ڈیپازٹ: بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کی شق 31 کے تحت تمام ڈیپازٹ جو گزشتہ 10 برس سے آپریٹ نہیں ہو رہے سوائے کم عمر، حکومتی، یا عدالتی، متعلقہ بینک کی جانب سے ضابطے کی کارروائی کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو فراہم کیے جاتے ہیں، فراہم کیے گئے ڈپازٹ متعلقہ بینکوں کے ذریعے واپس لیے جاسکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے اپنی برانچ یا بی او پی کال سینٹر 200-267-111 پر رابطہ کریں

اکاؤنٹ کی بندش: اکاؤنٹ کی بندش کے لیے متعلقہ برانچ میں اپنی درخواست جمع کرائیں مع ڈیبٹ کارڈ اور غیر استعمال شدہ چیکس اور ہدایات کی منسوخی کروائیں اگر کوئی ہیں

کیسے رہنمائی لیں یا شکایت کریں؟

معلومات برائے رابطہ:


دی بینک آف پنجاب

کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ

ساتویں منزل، بگ سٹی پلازہ، نزد لیبرٹی گول چکر، گلبرگ III لاہور۔

ہیلپ لائن: 200-267-111

ای میل: complaints@bop.com.pk، ویب سائٹ: www.bop.com.pk


اگر آپ ہمارے جواب سے مطمئن نہیں تو آپ رابطہ کر سکتے ہیں: بینکنگ محتسب پاکستان، پانچویں منزل، شاہین کمپلیکس، ایم۔ آر۔ کیانی روڈ، کراچی۔

فون نمبر فون 38-99217334 (21 92+) فیکس 99217375 (21 92+)

میل info@bankingmohtasib.gov.pk

میں اکاؤنٹوں کی اہم خصوصیات وصول ہونے اور سمجھنے کا اقرار کرتا ہوں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام صارف | | | تاریخ | | |
| منتخب شدہ پراڈکٹ | | | | | |
| اکاؤنٹ چلانے کا اختیار | انفرادی/مشترکہ/کوئی بھی یا زندہ بچ جانے والا | | | | |
| پتہ | | | | | |
| رابطہ نمبر | | موبائل نمبر | | ای میل ایڈریس | |
| صارف کے دستخط | | | | تصدیقی دستخط | |